
SerenaMente
U Report by UNICEF
الفاظ کو سمجھنا: TRIBUNALE,
RICORSO, AVVOCATO,
QUESTURA E PREFETTURA

# #1

## QUESTURA, PREFETTURA E TRIBUNALE جیسے الفاظ کو سمجھنا کیوں ضروری ہے؟

یہ الفاظ اہم فیصلوں سے جڑے ہوئے ہیں، جو اٹلی میں تمہاری ایک غیر ملکی کے طور پر زندگی کو متاثر کر سکتے ہیں۔ یہ دستاویزات، پناہ، کام اور تمہارے حقوق سے متعلق ہیں۔

اگر تم سمجھ لو کہ یہ دفاتر کیا کام کرتے ہیں تو تمہیں معلوم ہو گا کہ مدد کے لیے کہاں جانا ہے اور تم کیا درخواست کر سکتے ہو۔ ان الفاظ کو جاننا تمہیں اپنے حقوق کا تحفظ کرنے میں مدد دیتا ہے۔





# #2

## QUESTURA کیا ہے؟

Questura اٹلی کی ریاستی پولیس کا صوبائی دفتر ہے (مثال کے طور پر میلان یا روم کا پولیس ہیڈ کوارٹر)۔ ہر صوبے میں ایک ہوتا ہے۔
دوسری چیزوں کے علاوہ، Questura مندرجہ ذیل کا ذمہ دار ہے:

- بین الاقوامی تحفظ کے لئے درخواستیں وصول کرنا (پناہ کے عمل کا پہلا مرحلہ)؛
- تمہارے فنگر پرنٹ لینا؛
- رہائشی اجازت نامہ جاری کرنا اور تجدید کرنا (یا تمہیں تمہارا الیکٹرانک اجازت نامہ دینا)؛
- سرکاری مواصلات اور عوامی تحفظ سے متعلق معاملات کو سنبھالنا۔



# #3

## PREFETTURA کیا ہے؟

ہر صوبے میں اطالوی حکومت کی نمائندگی Prefettura
کرتا ہے (مثال کے طور پادووا یا نیپلز کی مقامی حکومت)۔

یہ امیگریشن سے متعلق انتظامی فیصلوں کا انتظام
سنبھالتی ہے۔ یہ رہائشی اجازت نامہ جاری نہیں کرتی، لیکن
امیگریشن سے متعلق کئی اہم عوامل کا انتظام سنبھالتی
سے مختلف ہے اور اس کی Prefettura Questura ہے۔
ذمہ داریاں بھی مختلف ہیں۔



#4

## SPORTELLO UNICO PER L'IMMIGRAZIONE کیا ہے؟

Sportello Unico per l'Immigrazione مقامی حکومت (Prefettura) کے اندر واقع ہوتا ہے۔
اس کی اہم خدمات میں مندرجہ ذیل شامل ہیں:

- کام کے لیے غیر ملکی ملازموں کو بھرتی کرنے کی اجازت دینا؛
- خاندان کا دوبارہ ملاپ
- داخلے کے کوٹہ، ویزوں، قانونی طریقہ ہائے کار کے بارے میں معلومات اور کام، خاندان یا تعلیم کے لیے اجازت نامے دینا؛
- انتظامی کارروائیوں کے لیے ہدایات، رسیدیں اور معاونت فراہم کرنا۔ ضرورت پڑنے پر یہ تمہیں دستاویزات کے ترجمے اور ان کو قانونی حیثیت دینے کی خدمات کی طرف بھیج سکتا ہے۔

# #5

## بین الاقوامی تحفظ کے لیے علاقائی کمیشن کیا ہے؟

انٹرویو کے دوران تم کہانی بیان کرتے ہو اور اپنے دستاویزات پیش کرتے ہو۔ کمیشن فیصلہ کرتا ہے کہ آیا تمہیں دیا جائے:

پناہ گزین کی حیثیت؛
ذیلی تحفظ؛ یا
خصوصی تحفظ



**کمیشن عدالت نہیں ہے۔ یہ ایک انتظامی دفتر ہے۔**

اس کا مطلب ہے کہ اس کا فیصلہ حتمی نہیں ہے۔ اگر کمیشن مسترد کر دے تو تم سول کورٹ - امیگریشن سیکشن (Tribunale civile – Sezione Immigrazione) میں اپیل کرنے کا حق رکھتے ہو۔



# #6

## TRIBUNALE CIVILE اور امیگریشن سیکشن کیا ہے؟

Tribunale civile (سول کورٹ) وہ جگہ ہے جہاں ایک آزاد جج یہ جانچتا ہے کہ حکومتی فیصلہ لوگوں کے حقوق کا احترام کرتا ہے۔

پناہ اور امیگریشن سے متعلق مقدمات کے لیے، سول کورٹ میں ایک خصوصی شعبہ ہوتا ہے جسے امیگریشن اور بین الاقوامی تحفظ سیکشن کہا جاتا ہے۔

⚠️ یہ سیکشن علاقائی کمیشن کے فیصلوں کے خلاف دائر کی گئی اپیلوں کا جائزہ لیتا ھے۔ یعنی اگر تمہاری پناہ کی درخواست مسترد ھو جائے، تو تم اپنے کیس کا دوبارہ جائزہ لینے کے لیے جج سے درخواست کر سکتے ھیں۔



# #7.1

# کیا عدالت جانے کے لئے تمہیں ہمیشہ وکیل کی ضرورت ہے؟

ہاں۔ وکیل وہ شخص ہوتا ہے جو جج کے سامنے تمہاری نمائندگی کرتا ہے۔ وہ قانون کے ماہر ہوتے ہیں اور اچھی طرح جانتے ہیں کہ قانونی نظام کیسے کام کرتا ہے۔

تمہارے وکیل کے مندرجہ ذیل کام ہیں:

**تمہارے حقوق کا تحفظ کرنا؛**
**جج کے سامنے تمہاری کہانی کی تفصیل رکھنا؛**
**ضروری کاغذات تیار کرنا؛ اور**
**یقینی بنانا کہ ہر چیز قانون کے مطابق رہے۔**

اگر تم اپیل دائر کرتے ہو تو، اسے تمہارا وکیل لکھتا ہے تمہارے ایماء پر جمع کرواتا ہے

# #7.2

اٹلی میں قانونی مدد کے نام سے ایک نظام ہے، جس کے تحت کم آمدنی والے وکیل کر سکتے ہیں جس کی فیس ریاست ادا کرتی ہے۔
اس کا مطلب ہے کہ اگر تمہاری آمدنی قانونی حد سے کم ہے تو تمہیں قانونی عمل کی قیمت ادا نہیں کرنی ہو گی۔

اہم بات یہ ہے کہ تم ایک وکیل سے رابطہ کرو جو قانونی مدد کے لیے تمہاری درخواست دے۔ اس طرح، اگر تم وکیل کی فیس نہیں بھی بھر سکتے، پھر بھی عدالت میں اپنی نمائندگی کروا سکتے ہو۔



# #8

## ”اپیل داخل کرنے“ (FARE UN RICORSO) سے کیا مراد ہے؟

اپیل، جج سے ایک فیصلے پر نظر ثانی کی درخواست ہوتی ہی جو اس فیصلے کے لیے کی جاتی ہے جو تمہارے خیال میں درست نہیں ہوتا۔

اپیل تمہیں غلطیاں درست کرنے اور اپنے حقوق کی حفاظت کا موقع دیتی ہے۔ یہ وکیل کی مدد سے تیار کر کے جمع کروائی جاتی ہے۔

جب تک جج تمہارے کیس پر فیصلہ نہیں کرتا، تم قانونی طور پر اٹلی میں رہ سکتے ہو۔

مثال کے طور پر، اگر علاقائی کمیشن تمہاری بین الاقوامی تحفظ کی درخواست مسترد کر دے تو، تمہارا وکیل سول کورٹ - امیگریشن سیکشن *(Tribunale Civile - Sezione Immigrazione)* میں اپیل دائر کر سکتا ھے۔



# HERE4Uپروجیکٹ




کیا تمہاری عمر 14 سے 24 سال کے درمیان ہے؟

Here4Uایک مفت اور گمنام سروس ہے جو تمہاری اپنی زبان میں بھی قانونی معاونت اور نفسیاتی مدد فراہم کرتی ہے۔

## ہم سے U-REPORT ON THE MOVE کے ذریعے رابطہ کرو۔

U-Report app

+39 347 355 8662

U-Report On The Move

@ureportonthemove_bot

Cofinanziato dall'Unione europea

FAMI FONDO ASILO MIGRAZIONE E INTEGRAZIONE 2021/2027

unicef per ogni bambino

MINISTERO DELL'INTERNO

FONDO ASILO, MIGRAZIONE E INTEGRAZIONE (FAMI) 2021-2027
Obiettivo Specifico “1. Asilo” - Misura di attuazione “1.a” - Ambito di applicazione “1.b” - Intervento “del programma nazionale. Servizi informativi per richiedenti e titolari”